www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



کذاب کے خلاف صف آرا ہوئے جھوٹے نبیوں میں مسیلمہ سب سے زیادہ طاقت ور تھا اور بہت سے لوگ صرف اسلام دشمنی کی خاطر اُس کی مدد کر رہے تھے۔

سنہ ۱۱ ہجری میں یمامہ میں مسیلمہ سے جو لڑائی ہوئی اُس میں حضرت طفیلؓ شریک تھے۔ ساتھ اپنے بیٹے عمرو کو بھی لے گئے تھے۔ دونوں دین کی راہ میں بے جگری سے لڑتے رہے۔ مؤرخین کا خیال ہے اس وقت تک جتنی لڑائیاں ہوئی تھیں اُن میں یہ سب سے زیادہ سخت لڑائی تھی۔ الاستیعاب کی روایت ہے اسی لڑائی میں یہ مردِ مجاہد بہادری کا حق ادا کر کے اللہ کو پیارا ہُوا۔ بعض مؤرخین نے جنگِ یرموک میں ان کی شہادت لکھی ہے۔

شعر و ادب — جناب عبد الرحمٰن عاجز

# صدائے حق سے بزمِ کفر میں محشر بپا کر دے

الٰہی وُہ بصیرت دیدہ و دل کسے عطا کر دے،\
جو شب کو روزِ روشن، آگہی کو رہنما کر دے!

مجھے کچھ اس طرح ساغر کشِ صبر و رضا کر دے،\
کہ غم، ہر ناتوانی کو توانائی عطا کر دے!

رہوں محفوظ دشمن سے کروں میں دوست کی عزت\
خدا دشمن سے واقف، آشنا سے آشنا کر دے

ہر اک کا دکھ مرا دکھ، مرا دکھ ہو ہر اک کا سکھ مرا سکھ ہو\
مجھے یارب غمِ انسانیت میں مبتلا کر دے

جب اہلِ حق پیامِ حق لیے میدان میں آجائیں\
صدائے حق سے بزمِ کفر میں محشر بپا کر دے

اسے پھر دولتِ دنیا سے کچھ الفت نہیں رہتی\
جسے ... دولتِ ایماں عطا کر دے

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ